© rasailojaraid.com



خادم حسین

# "زبان میری ہے بات اُن کی"

—— ۱۹۸۳ء میں علاج کے لئے امریکہ گیا۔ اخراجات میاں محمد شریف نے برداشت کئے، کار بھی دی۔

(طاہر القادری)

اور اب ساجد علی نقوی نے کیا کچھ دیا ہے —— قادری صاحب —— ؟

—— جو ڈیرے ڈال کر بیٹھ گئے ہیں جاتے نظر نہیں آتے —— (پیر پگاڑا)

مگر قبرستان میں تو بڑے بڑے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے۔

—— گندم کی قیمت میں اضافہ نہیں کیا گیا —— (احسان الحق پراچہ)

گندم کی قیمت میں ۱۵ روپے بوری اضافے کا فیصلہ —— (ایک خبر)

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں ——

—— وزیر اعظم خود کو سچی ملکہ سمجھتی ہیں۔ وہ جھوٹ بولنے کا ریکارڈ توڑ دیں گی۔ (الطاف حسین)

ے وہ جھوٹ بولیں گی اور جیت جائیں گی

میں سچ کہوں گا، اور ہار جاؤں گا!

—— طاہرہ سید اور میرے درمیان پچھلے سال طلاق ہو گئی تھی —— (نعیم بخاری)

نعیم بخاری دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں تو مجھے خوشی ہو گی —— (طاہرہ سید)

ے دشتِ وفا میں حسن بھی مثلِ سراب تھا

کیا پوچھتے ہو عشق سے کیوں کھا گیا فریب

—— نوجوان مریضہ کی شکایت پر ڈاکٹر کی پٹائی —— (ایک خبر)

سٹیتھسکوپ کے غلط استعمال کا نتیجہ!

—— آئین کی موجودگی میں شریعت بل کی ضرورت نہیں —— (طارق رحیم)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن و سنّت کی موجودگی میں کسی آئین، کسی طارق رحیم کی ضرورت نہیں۔

— سندھ سیاسی مسئلہ ہے، حکومت کی حاکمیت بحال کرائیں گے — (جنرل بیگ)

فوج کی طرف سے سندھ کے حاکم خاندان کو پکّی نوکری کی یقین دہانی۔

— میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ فضل الرحمٰن سیاست دان نہیں، مولوی ہیں — (اکبر بگٹی)

صرف مولوی نہیں — جمہوری مولوی ہیں۔

— کوشش کی ہے کہ پی پی سُدھر جائیں۔ جمہوریت قائم رہنی چاہیئے۔ (مخدوم خلیق الزماں)

ہم پردیسی راہی! تیرے باغ سے ہم کو لینا کیا

یہ چھاؤں گھنیری دیکھی تھی سو آ بیٹھے سستانے کو

— ضیاء دَور میں کرپشن انتہا کو پہنچی ہوئی تھی — (بے نظیر)

اور اب ملک میں چین کی بانسری بج رہی ہے؟ دیسی مُنہ ولایتی چپیڑ ں!

— صدر اسحاق خان، چودھری فضل الہٰی نہ بنیں — (اعجاز الحق۔ ہمایوں اختر)

ہمایوں اعجاز، خُدا کے حوالے ہے کارواں

حکومت بھی اک فریب ہے اور راہنما فریب!

— پاکستان کو خود سوچنا چاہیئے۔ کہ مہاجروں کے ساتھ وہ کیا سلوک کر رہا ہے (دی پی سنگھ)

مسلم لیگ اور بے نظیر حکومت جواب دے۔

— میں نے پاکستان کی شدید مخالفت اور بھارت کی بھرپور حمایت کی ہے — (سٹیفن سولارز)

پاکستان میں سولارز دوست حکومت کے مُنہ پر طمانچہ۔

— حیدر آباد کا قتلِ عام، کربلا کے بعد اسلامی تاریخ کا بدترین المیہ ہے — (میاں عبدالخلیق)

علقمی زادوں کی حکومت میں اور کیا چاہتے ہو —؟

— میں نے بیان دے کر غلطی کی — (شیر افگن کی معذرت)

پھر مُسکرا کے آپ نے دیکھا مری طرف

پھر اک ذرا سی آس پہ جینا پڑا مجھے

— حکومت پنجاب سندھ کے دہشت گردوں کو پناہ دے رہی ہے — (شیخ رفیق)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گویا آپ کی نظر میں سندھ سے جبراً نکالے جانے والے مظلوم لوگ دہشت گرد ھیں۔

—— سندھ میں ۶ دن کے دوران ۱۱۹ افراد ہلاک ہوئے —— (سرکاری ترجمان)

ایک کتے نے یہ اپنے ساتھی کتے سے کہا ہ
بھاگ ورنہ آدمی کی موت مارا جائے گا

—— اپوزیشن والے ڈیسک بجاتے رہے۔ وزیر خزانہ بولتے رہے۔ ادئے ادئے کی آوازیں۔ اذان
نعرہ تکبیر، اللہ اکبر کے نعرے بھی لگائے گئے —— (ایک خبر)

یہ ملک کی اسمبلی ہے یا جمہوری جانوروں کا باڑہ !

—— سندھ میں دوسرا مجیب پیدا ہوگیا ہے —— (بے نظیر)

جب تک آپ کے ساتھ تھا۔ آپ کا بھائی تھا۔

—— بیگم رعنا لیاقت علی خان انتقال کر گئیں —— (ایک خبر)

حضرت فاطمۃ الزہرہ رض کے دوپٹے کی دشمن۔ خدا کے کٹہرے میں۔

—— بے نظیر نے سندھ اسمبلی توڑنے سے انکار کر دیا —— (ایک خبر)

بی بی! ماؤں کے بچوں کے خون سے۔ اسمبلی کے ڈیموکریٹک اینیمل زیادہ قیمتی نہیں ہے۔

—— جمہوریت ناکام نہیں ہوئی پارلیمانی نظام فیل ہوا ہے۔ اب صدارتی نظام رائج ہونا چاہیئے۔

—— (اصغر خان)

اُٹھی نہ سکتاں تے نِگ لعنت گوڈیاں کوں !

**ڈاکٹر اللہ بخش جاوید کو صدمہ :** مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے کارکن محترم ڈاکٹر اللہ بخش جاوید صاحب کی والدہ ماجدہ گذشتہ دنوں انتقال فرما گئیں، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

احرار کارکن اور ادارہ ڈاکٹر صاحب کے شریکِ غم ہیں اللہ تعالیٰ انہیں صبر عطا فرمائے اور والدہ صاحبہ کی مغفرت فرمائے آمین!

مجلس احرار اسلام کے تمام کارکن خصوصاً اور قارئین مولانا غلام محی الدین اور ڈاکٹر صاحب کی والدہ ماجدہ کی مغفرت کی ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com